انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کا فورس کے نام پیغام

پنجاب پولیس کے افسران واہلکاران!

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اللہ نے مجھے ایسی فورس کی سربراہی کا اعزاز بخشا ہے جس کی تاریخ پندرہ سو کے لگ بھگ شہدا نے اپنے لہو سے رقم کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پنجاب پولیس کے رکن کی حیثیت سے آپ کا شمار اللہ کے ان منتخب کردہ بندوں میں ہوتا ہے جنہیں امر بالمعروف و نہی المنکر کی ترویج کی ذمہ داری سونپی گئی ہے لہذا پنجاب پولیس کے سربراہ کی حیثیت سے اس فورس کے ایک ایک سپاہی کی عزت میری عزت ہے اور ہم کسی صورت اس عزت اور وقار پر آنچ نہ آنے دیں گے۔
میری تعیناتی بطور صوبائی پولیس آفیسر پنجاب حکومت پاکستان نے میرٹ کی بنیاد پر کی ہے اور میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ تمام تبادلہ جات اور تعیناتیاں میرٹ کی بنیاد پر کروں گا میں یہ توقع کرتا ہوں کہ تمام CPOs, RPOs اور DPOs اپنے ماتحتان کی تعیناتیاں میرٹ کے سنہری اصول کی بنیاد پر کرینگے اور سفارش کلچر کی بیخ کنی کریں گے۔

میری یہ خواہش ہے کہ تمام FORMATION کمانڈرز اس بات کو یقینی بنائیں کہ قانون کی حکمرانی قائم ہو۔ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، ہر شخص خواہ کتنا بھی طاقتور ہو قانون سے بالاتر نہیں ہے۔ ہمیں ہر حال میں قانون کی حکمرانی قائم کرنی ہے۔ ہمیں ایمانداری اور خلوص نیت سے اپنے فرائض سرانجام دینے ہیں۔ پولیس کی سب سے اہم ذمہ داری جرائم کا خاتمہ اور مجرمان کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کر کے قرار واقعی سزا دلوانا ہے۔ مجھے امید ہے کہ پنجاب پولیس کے تمام افسران و ماتحتان اس فرض کی انجام دہی میں میرا ساتھ دینگے۔

ہمیں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ عوامی خدمت کو اپنا شعار بنانا ہے۔ اپنے تمام پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی میں شفافیت پیدا کرنی ہے۔ میرا آپ سے وعدہ ہے کہ پنجاب پولیس میں احتساب کا ایک مربوط اور جامع نظام قائم کیا جائے گا۔ اچھے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ افسران اور ماتحتان میں باہمی احترام کا رشتہ قائم کیا جائے گا۔ ہم سب ایک ٹیم کا حصہ ہیں۔ جب اس ٹیم کے تمام کھلاڑی مل کر قوم اور ملک کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر کام کرینگے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت کارفرما ہو گی اور بہتر نتائج حاصل ہو سکیں گے۔

ہماری کانسٹیبلری ہمارا چہرہ ہیں۔ ہر پولیس آفیسر خواہ وہ کسی بھی رینک میں ہو پنجاب پولیس کا نمائندہ ہے۔ جب کوئی بھی پولیس افسر اچھا کام کرتا ہے تو پوری فورس کی عزت ہوتی ہے۔ اور جب وہ کوئی غلط کام کرتا ہے تو تمام پنجاب پولیس کا چہرہ بگڑتا ہے اور عوامی نفرت کا باعث بنتا ہے۔ جو پولیس افسران اپنے فرائض کی انجام دہی دلچسپی اور تندہی سے کرینگے، انکی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور جو اپنے فرائض کی انجام دہی میں غفلت سے کام لیں گے۔ ان کے لئے پنجاب پولیس میں کوئی جگہ نہیں ہو گی۔
میں توقع کرتا ہوں کہ آج سے تمام پولیس کے افسران و ماتحتان عوام سے خوش اخلاقی سے پیش آئینگے۔ عوام کے لئے اپنے دفاتر ہمیشہ کھلے رکھیں گے، ان کے مسائل سنیں گے اور ہر سفارش اور خوف کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صرف اور صرف میرٹ پر فیصلہ سازی کرینگے۔
پنجاب پولیس کا مفاد اور اس کی فلاح و بہبود میرے دل کے بہت قریب ہے۔ یہ میری سب سے اہم ترجیح ہو گی۔ میں جتنا بھی ممکن ہوا پولیس کے شہداء، غازی، ریٹائرڈ پولیس افسران اور حاضر سروس پولیس افسران اور ان کے خاندانوں کا پورا خیال رکھوں گا۔ ان کی ہر تکلیف میں وہ مجھے اپنے ساتھ کھڑا پائیں گے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

شعیب دستگیر

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب

مورخہ: 02-12-2019

Scanned by CamScanner